سوال

(180) بتیس روپے شرعی حق مہر؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مہر کتنی قسم کا ہوتا ہے؟ کون سا مہر کب دیا جاتا ہے؟ جیسا کہ مجھے معلوم ہے کہ طلاق کے بعد ہی مہر کی بات ہوتی ہے۔ جب میاں بیوی اچھی طرح رہ رہے ہوں اس وقت بھی مہر دینا واجب ہوتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حق مہر نکاح کے ارکان میں سے ہے اس کے بغیر نکاح درست نہیں ہوگا۔ اس کی دو صورتیں ہوتی ہیں۔ یا تو نکاح کے وقت بیوی کو ادا کر دیا جائے یا پھر مقرر کر دیا جائے اور بعد میں خاوند کسی وقت بھی بیوی کے مطالبے پر ادا کرے گا۔ اگر بیوی مہر معاف کر دیتی ہے تو اسے اختیار ہے۔ بصورت دیگر یہ بیوی کا حق ہے اور جب تک ادا نہیں ہوگا خاوند پر یہ قرض رہے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص382

محدث فتویٰ